34696 ـ پہلوؤں کے ساتھ چپکا ہوا عبایا (برقع) پہننے والی والدہ کے ساتھ بازار جانا

سوال

اگر والدہ فٹنگ والا پہلوؤں کے ساتھ چپکا ہوا عبایا پہنتی ہو تو کیا اس کی بات مانتے ہوئے والدہ کے ساتھ بازار جانا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

آپ بڑی نرمی اور شفقت کے ساتھ والدہ کو نصیحت کریں کہ اس طرح کا برقع اور عبایا پہننا جائز نہیں، جو جسم کے تحدید کرتا ہو، بلکہ اسے پردہ کی شرعی شروط کا لحاظ کرتے ہوئے شرعی عبایا پہننا چاہیے، جو کہ کھلا اور وسیع ہو تا کہ جسم کے کسی حصہ کی جسامت نظر نہ آئے.

شرعی پردہ کی شروط معلوم کرنے کے لیے آپ سوال نمبر (6991) کے جواب کا مطالعہ کریں.

دوم:

اور اگر آپ کی والدہ ہر حالت میں چاہے آپ اس کے ساتھ جائیں یا نہ جائیں، اگر نہ جائیں تو وہ اکیلی ہی بازار چلی جائیگی، تو اس حالت میں آپ اس کے ساتھ بازار چلے جائیں، تا کہ بقدر امکان اور استطاعت برائی میں کمی ہو.

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ سب مسلمانوں کے حالات سدھار دے.